۲۸۶ - پرچہ امتحان ششش ماہی، جامعہ اشرفیہ، مبارک پور - ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۷ء

وقت: تین گھنٹے — (کُبریٰ ——— درجہ ثانیہ) — مجموعی نمبر: ۱۰۰

نوٹ: صرف چھ سوالات حل کریں مگر سوال نمبر ۸ لازم ہے۔

(۱) دلالت لفظیہ وضعیہ اور اس کی تمام قسموں کی تعریف مثال کے ساتھ تحریر کریں، نیز درج ذیل عبارت کی وضاحت کریں "پیش اصحاب ایں فن دلالت کلی دائمی معتبر است"۔ ۴×۳=۱۲+۴=۱۶

(۲) مثال کے ساتھ محکوم علیہ، محکوم بہ، نسبت حکمیہ، تصدیق ضروری اور تصدیق نظری کی وضاحت کریں نیز تصدیق نظری کو حاصل کرنے کا طریقہ بیان کریں۔ ۵×۳=۱۵+۱=۱۶

(۳) مفرد اور مرکب کی تعریف اور مرکب کی قسموں کی وضاحت کتاب کے مطابق قلم بند کریں۔ ۱۶

(۴) قضیہ اور اس کی تینوں قسموں کی تعریف مثال کے ساتھ تحریر کریں، نیز قضیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کریں۔ ۴×۳=۱۲+۴=۱۶

(۵) قیاس استثنائی کی تعریف اور اس کی تمام قسموں کی وضاحت کتاب کے مطابق قلم بند کریں۔ ۴+۱۲=۱۶

(۶) شکل اول کی شروط انتاج اور ضروب منتجہ مثال کے ساتھ تحریر کریں اور حد اوسط کی وضاحت کریں۔ ۱۶

(۷) قضیہ منفصلہ کی کتنی قسمیں ہیں مثال کے ساتھ ہر ایک کی وضاحت کریں۔ ۴×۴=۱۶

(۸) درج ذیل عبارت کی تشریح کریں۔ ۲۰

"جزء حقیقت افراد خود اگر تمام مشترک باشد میان ایں حقیقت و حقیقت دیگر آں را جنس خوانند و مراد بتمام مشترک آں است کہ میان آں دو حقیقت ہیچ جزء مشترک خارج آں نباشد و شاید کہ یک حقیقت را اجناس متعددہ باشد بعضے فوق بعضے تحت"

(۹) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ ۱۶

۱- ضروریہ مطلقہ، ۲- مطلقہ عامہ، ۳- ممکنہ خاصہ، ۴- مہملہ، ۵- نوع، ۶- خاصہ، ۷- مترادفان، ۸- متباینان۔

۸۶۔ امتحان شش ماہی الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور ۱۴۳۹ھ/ ۲۰۱۷ء

وقت: ۳۔ گھنٹے (قواعد املا و انشا۔ درجۂ ثانیہ) مجموعی ۱۰۰

حصۂ قواعد ــــ ۳۰

۱۔ "اعراب" کا مطلب بتائیے اس کے بعد درج ذیل اصطلاحات تعریف و مثال بھی پیش کیجیے۔ (۱۰)

حرکت ۔ متحرک ۔ جزم ۔ ساکن ۔ موقوف ۔

۲۔ اردو زبان میں کچھ الفاظ پر دو زبر آتے ہیں، جیسے: "فوراً"، اگر آخر میں "ۃ یات" ہو تو کیا طریقہ اختیار کرنا چاہیے مثالوں سے واضح کیجیے ــــــــ (۱۰)

۳۔ مندرجہ ذیل الفاظ سے صحیح اور غلط املے کی تمیز کر کے الگ الگ لکھیے ــــــــ (۱۰)

اعلحضرت ۔ بضرورت ۔ دکان ۔ دلارا ۔ ہندستان ۔ مےخانہ ۔ چانول ۔ مصباحی ۔

خدمت گزار ۔ خدمت گذار ۔ بدر دجا ۔ سیماب ۔ دل آرا ۔ حقیقۃً ۔ تحفتاً ۔ دو آبہ ۔

کوشش ۔ سنبل ۔ منہدی ۔ ادھر ۔

حصۂ مضمون نویسی ــــ ۷۰

۴۔ عام طور سے مضمون کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں ہر ایک کی تعریف و مثال لکھیے اور یہ بھی بتائیے کہ عنوان کے انتخاب اور خاکے کی تیاری میں کن باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے ــــــــ (۲۰)

۵۔ مضمون "امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ" کے دس اشارے لکھیے اور "قرآن کریم اللہ تبارک و تعالیٰ کی کتاب ہے" اس عبارت کو دس جملوں تک پھیلائیے ــــــــ (۲۰)

۶۔ "والدین کا ادب" اس عنوان پر نیچے دیے گئے عناصر کی روشنی میں پندرہ سطروں کا ایک مضمون قلم بند کیجیے (۱۵)

• والدین کا مقام و مرتبہ • ادب کے طریقے • نافرمانی کا وبال • خوش رکھنے کے فوائد

۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم پندرہ سطروں کا ایک مضمون قلم بند کیجیے ــــ (۱۵)

بارش کا فائدہ اور نقصان ۔ مسجد ۔ لائبریری کے فوائد ۔

۲۸۶ – امتحان شش ماہی جامعہ اشرفیہ، مبارک پور۔ ۱۴۳۹ھ/ ۲۰۱۷ء

وقت: ۳/ گھنٹے (شرح مأۃ عامل – درجۂ ثانیہ) مقررہ نمبر: ۵۰

۱ – "با" "لام" اور "الی" کتنے معانی کے لیے آتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ بیان کیجیے۔

۲ – درج ذیل عبارت کا ترجمہ اور ترکیب کیجیے۔

"وقد لایکون ما بعدها داخلا فی ما قبلها ان لم یکن ما بعدها من جنس ما قبلها"

۳ – "حاشا" "خلا" اور "عدا" کا معنی اور ان کا تفصیلی بیان اپنی کتاب کے مطابق قلم بند کیجیے۔

۴ – "حروف تنصب الاسم فقط" مذکورہ عبارت کی ترکیب کیجیے، اور اسم کو نصب دینے والے تمام حروف کے معانی مثالوں کے ساتھ ذکر کیجیے۔

۵ – مندرجہ ذیل عربی جملوں کا سلیس اردو میں ترجمہ کیجیے، پھر ان کی ترکیب بھی تحریر کیجیے۔

"واذن للجواب والجزاء، وھو لایتحقق الافی الزمان المستقبل، فھی لاتدخل الاعلی الفعل المستقبل"

۶ – جواب قسم کب کن الفاظ سے شروع ہوگا؟ بالتفصیل مثالوں کی روشنی میں قلم بند کیجیے۔

ھدایت: صرف پانچ سوالات حل کیجیے، نمبر سب کے مساوی ہیں۔

۷۸۶ — امتحان ششماہی جامعہ اشرفیہ مبارکپور اعظم گڑھ یوپی ۱۴۳۹ھ
۲۰۱۷ء

وقت: ۳ گھنٹے — ہدایۃ النحو — برائے درجہ ثانیہ — مقررہ نمبر — ۵۰

نوٹ: صرف چھ سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں اور سوال نمبر دس لازمی ہے۔

۱۔ کلمہ کی جملہ اقسام کی تعریف تحریر کیجیے اور ہر ایک کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے ان کی علامتیں بھی لکھیے۔ ۹

۲۔ "وصف" اور "تانیث" سے آپ کیا سمجھتے ہیں ان کی شرائط کیا ہیں کتاب کے مطابق اپنی معلومات لکھیے۔ ۹

۳۔ فاعل کی تعریف کیجیے۔ اور یہ بھی واضح کیجیے کہ فاعل جب مظہر اور مضمر ہو تو فعل کس طرح مستعمل ہوگا۔ اور کس وقت فاعل کی تقدیم واجب اور کب جائز ہوتی ہے۔ ۹

۴۔ مبتدا اور خبر کی تعریف کیجیے اور درج ذیل عبارت کا واضح مفہوم تحریر کیجیے۔ ۹

"اعلم ان لهم قسما آخر من المبتدأ ليس مسندا اليه وهو صفة وقعت بعد حرف النفي نحو ما قائمٌ زيدٌ او بعد حرف الاستفهام نحو أقائمٌ زيدٌ بشرط ان ترفع تلك الصفة اسما ظاهرا نحو ما قائمٌ الزيدان وأقائمٌ الزيدان بخلاف ما قائمان الزيدان"

۵۔ مفعول بہ کی تعریف کیجیے اور کتنی جگہوں پر اس کے فعل کو وجوباً حذف کیا جاتا ہے مثالوں کی روشنی میں لکھیے۔ ۹

۶۔ مستثنیٰ کی تعریف کیجیے اور اس کے اعراب کے جملہ اقسام مثالوں کے ساتھ لکھیے۔ ۹

۷۔ اضافت لفظیہ اور معنویہ کی تعریف کیجیے اور ہر ایک کی مثال تحریر کرنے کے ساتھ اس کے فوائد لکھیے۔ ۹

۸۔ عطف بیان کی تعریف کیجیے اور اس کی مثال پیش کیجیے اور درج ذیل عبارت کا مطلب لکھیے۔ ۹

"ولا يلتبس بالبدل لفظا في مثل قول الشاعر شعر — انا ابن التارك البكري بشر — عليه الطير ترقبه وقوعا"

۹۔ مرکبات کی تعریف کیجیے اور کتاب کے مطابق اس کے مسائل پر روشنی ڈالیے۔ ۹

۱۰۔ علم نحو کی تعریف، موضوع، اور اس کی غرض وغایت لکھیے۔ ۵

الوقت: ثلاث ساعات (الانشاء - للصف الثانی) الدرجات: ٥٠

① حوّلوا ما یأتی من الجمل العربیة إلی الاردیة: ——— (١٤)

① هجمت القوات العسكرية واسرت عددا من الجنود المرتزقة ـ ② وصل الصاروخ الی القمر ③ قبض رجال الشرطة علی الجناة ـ ④ تتنوع المحاصل الزراعية علی ارض الهند ـ ⑤ نتحمل الصعاب فی سبيل المجد ـ ⑥ ستكرم الدولة المتفوقين ـ ⑦ ستقوم مصر بتطهير قناة السويس من جميع العوائق ـ ⑧ إنما بعثت لأتمم مكارم الاخلاق ـ ⑨ عند الإمتحان، يكرم المرء أو يهان ـ ⑩ ما نجحت المؤامرات المدبرة ضد المسلمين ـ ⑪ كان رجال البولس قضوا علی الاشاعات الكاذبة ـ ⑫ كان الولدان يعطشان للقائهما ـ ⑬ كن فی الدنيا كأنك غريب أو عابر سبيل ـ ⑭ أعطوا الأجير أجره قبل ان يجف عرقه ـ ⑮ لا يجلس بين رجلين إلا باذنهما ـ ⑯ النحلة تمتص رحيق الأزهار ـ ⑰ ويل لكل هُمزة لُمزة ـ ⑱ لقد زاد الرئيس مُرتبی مائة روبية ـ ⑲ النساء قد يكفرن العشير ـ ⑳ ما قصرت فی الواجب فاعاقب ـ

② عرّبوا الجمل الأردية التالية وشكلوا خمسا من اخيرها ——— (٢٠+٥) ——— (٢٥)

① تیز ہوا چلی اور درختوں کو اکھاڑ دیا ـ ② مجلس شرعی نے جامعہ اشرفیہ میں فقہی سیمینار منعقد کیا ـ ③ ٹرین اپنے وقت سے لیٹ ہوگئی ـ ④ جہاز بندرگاہ پر لنگر انداز ہوتا ہے ـ ⑤ وزیر خارجہ نے خلیجی ممالک کا دورہ کیا ـ ⑥ صدر المدرسین اگلے مہینے میں سالانہ امتحان کے نتیجے کا اعلان کریں گے ⑦ کپڑے واشنگ مشین میں دھوئے گئے ـ ⑧ خوں ریز جنگوں میں فوجی مارے جاتے ہیں اور انہیں وطن کی سرزمین پر دفن کیا جاتا ہے ـ ⑨ ہوا چلی اور بارش نہیں ہوئی ـ ⑩ کبوتر دانہ چنتا ہے اور گوشت نہیں کھاتا ـ ⑪ ماسٹر نے مشکل الفاظ چاک سے تختۂ سیاہ پر لکھے تھے ـ ⑫ تم دونوں اس باغ سے کھلے ہوئے دو گلاب توڑو ـ ⑬ حق کے سوا کوئی بات نہ کہو ـ ⑭ سائنسی اور صنعتی ترقی ملک کے وقار اور اہمیت کو بڑھاتی ہے ـ ⑮ میں نے اس مسئلے پر ہائی کورٹ کے جج سے بات چیت کرلی ہے ـ ⑯ ⑰ رنج وغم فوت شدہ شی کو ہرگز واپس نہ لائے گا ـ ⑱ تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ خوش اخلاق بنیں ـ ⑲ وقت کی قدر وقیمت سمجھو اور اسے کام میں لاؤ ـ ⑳ سوویت یونین کی فوجیں حملہ آور ہوتی ہیں ـ

③ رتبوا الجمل الغير المرتبة ترتيبا صحيحا مع تشكيلها وتحويلها الی الأردية ـ ——— (٨)

① الخلية ـ خرج ـ ما كان ـ من النحل ـ ② النفوس ـ يهذب ـ الاسلام ـ ويرقق الطباع ـ ③ التلميذات ـ المدرسة ـ الی ـ ذهبن ـ ④ مصر ـ السائحون ـ أحب ـ طبيعتها ـ لجمال ـ ⑤ بالقارعة ـ ثمود وعاد ـ كذبت ⑥ المجوسی ـ عمر بن الخطاب ـ طعن ـ أبو لؤلؤة ـ

④ صحّحوا الجمل الآتية وترجموها بالأردية: ——— (٣)

① كانت ولدی تعيننی علی نوائب الدهر ـ ② لبست هذان الفتيتان اساور من الذهب ③ الطالبتان قطفن الازهار وهربن ـ ④ الأولاد ركب القطار ـ

ملاحظة: اجيبوا عن الكل.

۷۸۶ ۔ امتحان شش ماہی جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ ۱۴۳۹ھ/ ۲۰۱۷ء

وقت : ۳/ گھنٹے (نورالایضاح۔ درجہ ثانیہ) مجموعی نمبر۔ ۱۰۰

ہدایت: صرف چھ سوالات کے جواب مطلوب ہیں لیکن پانچواں سوال حل کرنا لازمی ہے۔

(۱) استنجا اور استبرا کی وضاحت کیجیے پھر مرد اور عورت کے ڈھیلے سے استنجا کرنے کا طریقہ کتاب کے مطابق تحریر کیجیے۔ ۱۲

(۲) وضو کے فرائض تحریر کرنے کے بعد نواقض وضو تفصیل کے ساتھ بیان کیجیے۔ ۱۲

(۳) تیمم کی لغوی و شرعی تعریف کیجیے ساتھ ہی اس کے فرائض و شرائط کتاب کے مطابق تحریر کیجیے۔ ۱۲

(۴) نجاست کی کتنی قسمیں ہیں؟ اور کون کون سی؟ ان کے احکام و مسائل اپنی درسی کتاب کی روشنی میں بیان کیجیے۔ ۱۲

(۵) درج ذیل عبارت پر اعراب لگا کر اردو میں سلیس ترجمہ کیجیے۔ ۲۰

"إذا ظن مرور رجل يستحب للمصلي أن يغرز سترة تكون طول ذراع فصاعدا في غلظ الإصبع والسنة أن يقرب منها ويجعلها على أحد حاجبيه ولا يصمد إليها صمدا وإن لم يجد ما ينصبه فليخط خطا طولا وقالوا بالعرض مثل الهلال دفع المار أمامه والمستحب ترك دفع المار ورخص دفعه بالإشارة أو بالتسبيح وكره الجمع بينهما ويدفعه برفع الصوت بالقراءة وتدفعه بالإشارة أو التصفيق بظهر أصابع اليمنى على صفحة كف اليسرى ولا ترفع صوتها لأنه فتنة ولا يقاتل المار وما ورد مؤول بأنه كان والعمل مباح وقد نسخ".

(۶) نماز کے اوقات مکروہہ بیان کیجیے ساتھ ہی یہ بھی بتائیے کہ کن کن اوقات میں نفل نماز پڑھنا مکروہ ہے؟ ۱۲

(۷) سفر شرعی کی اقل مسافت بیان کرتے ہوئے مسافر کی نماز کے مسائل کتاب کے مطابق زیب قرطاس کیجیے۔ ۱۲

(۸) چلتی ہوئی کشتی اور کعبہ شریف میں نماز پڑھنے کا طریقہ تحریر کرنے کے بعد نماز تراویح کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔ ۱۲

امتحان شش ماہی، الجامعۃ الاشرفیہ- مبارک پور --- ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۷ء

وقت: ۳ گھنٹے - (قواعد الصرف دوم - درجہ ثانیہ) مفروضہ نمبر ۱۰۰

نوٹ - اٹھارہ[۱۸] نمبر کے پانچ اور دس[۱۰] نمبر کا ایک سوال حل کرو

(۱). تخفیف کی تعریف اور اس کی تمام صورتیں بیان کرتے ہوئے مہموز کا قاعدہ نمبر ۸ اور مثالوں کے ساتھ لکھو ---- ۱۸

(۲). ناب کی اصل کیا ہے اس میں جاری ہونے والا قاعدہ اور اس کی تمام شرطیں مع مثال لکھو ۱۸

(۳)- اسم صفت اور اسم ذات کی تعریف کرتے ہوئے معتل کا قاعدہ نمبر ۱۲ تحریر کرو ---- ۱۸

(۴)- اختار سے ماضی معروف، استقضیٰ سے مضارع معروف، رمیٰ سے مضارع مجہول اور امر حاضر کی گردان اعراب کے ساتھ لکھو ---- ۱۸

(۵)- حروف زیادت شمار کرانے کے بعد نون، تا، ھا اور لام کے بارے میں تفصیل سے لکھو ---- ۶+۱۲ = ۱۸

(۶)- جمع قلت کی تعریف کرتے ہوئے اس کے تمام اوزان پر تفصیل سے روشنی ڈالو ---- ۱۸

(۷)- آنے والی مثالوں میں اسم صحیح، اسم مقصور، اسم منقوص اور اسم ممدود کی پہچان کرو ---- ۱۰

الجواری، المرتضیٰ، الحمراء، نابل، سفلیٰ، المبادی، دعاء، دواۃ، نفساء، المنتہی

(۸) نیچے دی گئی جمعوں کا واحد بتاؤ ---- ۱۰

اذان، دُرَر، انہُر، اظہُر، زبادیۃ، قُطُف، خُمُر، مَیامین، جَلاجِل، نُجَباء

وقت : تین گھنٹے **(مجانی الأدب : ثانیہ)** مجموعی نمبر : ۵۰

(الف) ذکر أبوبکر الصلوۃ یوما فقال: من حافظ علیہا کانت لہ نورا وبرہانا ونجاۃ من النار وکتب عمر إلی عمالہ: إن أہم أمورکم عندی الصلوۃ من حفظہا وحافظ علیہا حفظ دینہ ومن ضیعہا فہو لما سواہا أضیع + قیل إن مثال الدنیا کمسافر طریق اولہ المہد وآخرہ اللحد وفیما بینہما منازل معدودۃ وإن کل سنۃ کمنزلۃ وکل شہر کفرسخ وکل یوم کمیل وکل نفس کخطوۃ وھو یسیر دائما دائما فیبقی لواحد من طریقہ فرسخ وللآخر أقل أو أکثر + لا تحمل علی یومک ہم سنتک کفاک کل یوم ما قدر لک فیہ فإن تکن السنۃ من عمرک فإن اللہ سبحانہ سیأتیک فی کل غد جدید بما قسم لک وإن لم تکن من عمرک فما ہمک بما لیس لک + قال لقمان لابنہ یا بنی لا تجالس الفجار ولا تماشہم، اتق أن ینزل علیہم عذاب من السماء فیصیبک معہم وجالس الفضلاء والعلماء فإن اللہ تعالی یحیی القلوب المیتۃ بالفضیلۃ والعلم کما یحیی الأرض بوابل المطر + خطب الحجاج فأطال فقام رجل فقال الصلوۃ فإن الوقت لا ینتظرک والرب لا یعذرک فأمر بحبسہ فأتاہ قومہ وزعموا أنہ مجنون و سألوہ أن یخلی سبیلہ فقال إن أقر بالجنون خلیتہ فقال معاذ اللہ لا أزعم أن اللہ ابتلانی وقد عافانی فبلغ ذلک الحجاج فعفا عنہ لصدقہ + قال أنوشیروان: العدل سور لا یغرقہ ماء ولا یحرقہ نار ولا یہدمہ منجنیق وقیل: عدل قائم خیر من عطاء دائم وقیل أیضا: لا یکون العمران حیث لا یعدل السلطان وقیل لحکیم: ما قیمۃ العدل؟ فقال: ملک الابد فقیل: فقیمۃ الجور؟ فقال: ذلۃ الحیوۃ + قیل لرجل: کیف وجدت فلانا؟ قال: طویل اللسان فی اللوم والمزح قصیر الباع فی الکرم وثابا علی الشر مناعا للخیر، وکان نقش خاتم رستم وھو أحد ملوک الفرس الهزل مبغضۃ والکذب منقصۃ والجور مفسدۃ + یقال: إن أنوشیروان رکب فی بعض الأیام فی الربیع علی سبیل الفرجۃ فجعل یسیر فی الریاض المخضرۃ و یشاہد الشجر المثمرۃ وینظر إلی الکروم ألف مرۃ فنزل عن فرسہ شکرا لربہ وخر ساجدا واضعا خدہ علی التراب زمانا طویلا فلما رفع رأسہ قال لأصحابہ إن خصب السنین من الملوک والسلاطین وحسن نیتہم وإحسانہم إلی رعیتہم فالمنۃ للہ الذی قد أظہر حسن نیتنا فی سائر الأشیاء + سمع المؤبذ فی مجلس أنوشیروان ضحک الخدم فقال: أما یہاب ہؤلاء الغلمان فقال أنوشروان: إنما یہابنا أعداءنا -

(ب)

لک الحمد حمدا نستلذ بہ ذکرا	وإن کنت لا أحصی ثناء ولا شکرا
من الناس من یغشی الأباعد نفعہ	ویشقی بہ حتی الممات أقاربہ
إن الفتی من یقول ہا أنا ذا	لیس الفتی من یقول کان أبي
أسأت علی اللہ فی فضلہ	إذا أنت لم ترض ما قد وہب
کن ابن من شئت وکن مؤدبا	فإنما المرء بفضل حسبہ

— سوالات —

(۱) درج بالا اقتباسات کا اردو میں سلیس ترجمہ کیجیے ۔ ۲۰+۱۰ — ۳۰

(۲) جز "ب" پر اعراب لگائیے ۔ — ۰۵

(۳) درج ذیل کلمات کے ابواب اور معانی لکھیے — ۰۵

لا یعذر - لا یہدم - یہاب - یغشی - أسأت

(۴) آنے والے کلمات میں سے واحد کی جمع اور جمع کا واحد لکھیے اور ترجمہ کیجیے ۔ — ۰۵

خطوۃ - الریاض - الکروم - التراب - الخدم

(۵) دو ایسے اشعار لکھ کر ترجمہ کیجیے جو اس پرچے میں نہ ہوں ۔ — ۰۵

Half Yearly Examination 2017(1439h)
Aljamiatul Ashrafia Mubarakpur Azamgarh

Time: 3 hours **English Sania/ثانیہ** **M.M.100**

Q.No.01 Explain any one of the following passages into Urdu. 15۔مندرجہ ذیل اقتباسوں میں سے کسی ایک کا اردو میں مطلب لکھیں

(a)We should keep things around us neat and clean also. We should throw the garbage in the dustbin. It is also important to eat clean food and drink clean water. Food should always be covered. Many harmful things can get into open food. Mosquitoes, flies, cockroaches even lizards and germs get into open food. Dust can also fall on it. All these can make us sick. So, plates glasses and spoons should also be clean. We should wash our hands before and after eating something. Dirty hands have germs which can make us sick.

(b)Once there was a foolish turtle. He had two birds as friends. He saw the birds fly. He also wished he could fly like them. One day he was sad. The birds asked him why he was so sad. The turtle said, "I wish I had wings like you. "The bird said, "You may not have wings but you have a hard shell on your back to protect you." But the turtle said, "I want to fly and see the world high from the sky." The birds began to think how they could make the turtle happy. The birds found a strong stick to help the turtle

Q.No.02 Explain any one stanza into Urdu. 10۔مندرجہ ذیل نظم کے کسی ایک ٹکڑے کا مطلب اردو میں لکھیں

(a)The lion walks on padded paws.
The squirrel leaps from limb to limb
While flies can crawl straight up a wall
And seals can dive and swim.

(b)Or a doctor
Taking care of the sick,
A chef after whose dishes,
Your fingers you will lick.

Q.No.3 Answer the following questions into English. 10۔مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب انگریزی میں قلم بند کریں

(1) Why did the mango tree want to drive away the animals?
(2) What did the boy see in the library?
(3) Could the washer man lift the donkey too, why?
(4) how did the man help the lion?
(5) What happened when the farmer went to the river?

Q.No.04 Write down the following numbers into English. 05۔مندرجہ ذیل اعداد کو انگریزی میں لکھیں

11, 17, 26, 49, 84

Q.No.05 Write down names of five days. 05 پانچ ایام کے نام انگریزی میں تحریر کریں۔

Q.No.06 (a) Write down kinds of Noun. 05 اسم کے اقسام لکھیں۔

Q.No.06 (b)Define Adjective with example. 05 صفت کی تعریف مع مثال لکھیں۔

Q.No.06© Write down Feminine of the following. 05 مندرجہ ذیل کا مونث تحریر کریں۔

Gentle man, Horse, Nephew, Son, Prince

Q.No.06 (d) Write down Singular of the followings. 05 مندرجہ ذیل الفاظ کا واحد لکھیں۔

Children, Keys, Knives, Dishes, Fish

Q.No.07 Write ten sentences on any one of the following topics. 10۔مندرجہ ذیل عناوین میں سے کسی ایک پر دس جملے لکھیں

1. A Cow
2. My College
3. My House

Q.No.08 Answer the following questions into English. 05۔مندرجہ ذیل سوالوں کا جواب انگریزی میں لکھیں

(1) What is the name of your principal? (2) Where do you live? (3) How old are you? (4) Which is the last month of the year? (5) Why did you not come to school yesterday?

Q.No.09 Translate the following into English. 10 مندرجہ ذیل کا ترجمہ انگریزی میں کریں۔

اب بارش ہو رہی ہے۔ یہ ایک خوبصورت کھلونا ہے۔ وہ آم کھٹے نہیں تھے۔ وہ آدمی ایماندار تھا۔ سلیم کے پاس ایک لال سائکل ہے؟ میرے پاس آج پنسل نہیں تھی۔ کیا یہ ایک اچھی کتاب ہے؟ کیا تم بیمار نہیں ہو؟ کرسی میز کے پاس تھی۔ وہ کتاب کس کی تھی۔

Q.No.10 Translate the following into Urdu. 10۔مندرجہ ذیل کا ترجمہ اردو میں کریں

(1) It is not cold today. (2It is shining brightly. (3) This book is very useful. (4) Those were not servant. (5) Had Kamal a radio? (6) We had no milk. (7) Mr. Zaid is our guide. (8) These fruits are mine. (9) Was Dev Dutta Cruel? (10) Who was at the gate?

پرچہ امتحان شش ماہی الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۷ء

وقت: ۳/گھنٹے (عام معلومات - درجہ ثانیہ) مجموعی نمبر ۱۰۰

ہدایت: پندرہ نمبر کے چار اور دس نمبر کے بھی چار سوال حل کریں۔

۱- جان دار اور بے جان میں کیا فرق ہے؟ کتاب کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۰

۲- رینگنے والے جانوروں کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کریں۔ ۱۰

۳- انسان کی غذا میں کتنی چیزیں ضروری ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۵

۴- دکن کے پلیٹو اور مشرقی و مغربی گھاٹ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ کتاب کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۵

۵- پرتگالیوں اور انگریزوں کی ہندوستان میں آمد، ہندوستان پر انگریزوں کے قبضہ اور آزادی کی پوری رپورٹ تحریر کریں۔ ۱۵

۶- دستور ہند کی خاص خاص باتیں بیان کرتے ہوئے قانون بنانے کا طریقہ سپرد قرطاس کریں۔ ۱۵

۷- مصنوعی چاند کو کن لوگوں نے کب اور کتنی بار خلا میں بھیجا؟ اصلی چاند پر کون، کب گیا؟ کتاب کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۵

۸- رامائن اور مہابھارت کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کریں۔ ۱۰

۹- راڈر کیا ہے؟ اس کی ایجاد کب ہوئی؟ ہندوستان میں راڈر کب لگا؟ کتاب کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۰

۱۰- چندر گپت وکرمادتیہ اور فاہیان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ ۱۰